Time: 2.30 mnts **Class: III Semester B.A** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. محمد علی جوہر کی ۔۔۔۔۔لڑکیاں تھیں۔

(پانچ ، چار ، دو)

2. مقابلے کے دوران ہار جیت سے زیادہ ہمّت اور۔۔۔۔۔کی پذیرائی ہوتی ہے۔

(بہادری،حوصلے،ارادے)

3. مرزا غالب کی آمدنی۔۔۔۔۔۔تھی مگر حوصلہ فراخ تھا۔

(زیادہ ، قلیل ، کم)

4. فکر کو جولان عقل کو رسا اور ذہن کو تیز کرنے کے لئے۔۔۔۔۔کیمیا سمجھا جاتا تھا۔

(کرکٹ ، بلیرڈ ، شطرنج)

5. مرد کی آنکھ اور عورت کی۔۔۔۔۔۔کا دم سب سے آخر میں نکلتا ہے۔

(زبان ، دماغ ، جسم)

6. 'مٹھی بھر دھول' میں ولے رینا یونان کی ملکہ ہے۔ (صحیح/غلط)

7. 'شطرنج کی بازی' زوال یافتہ لکھنو کا آئینہ ہے (صحیح/غلط)

8. مرزا غالبؔ کو انگور بہت پسند تھے۔ (صحیح/غلط)

9. مقابلہ میں جیت کر جشن منانا چاہئے۔ (صحیح/غلط)

10. محمد علی جوہر تحریکِ آزادیٔ ہند کے لیڈر تھے۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. مرزا غالبؔ کی سیرت کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالئے۔

2. 'شطرنج کی بازی' میں میر اور مرزا کی بے فکر زندگی کا حال لکھئے۔

3. مقابلہ آرائی میں ہار اور جیت میں کن اصولوں کا لحاظ رکھنا چاہئے۔

III بحوالہءمتن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجئے: (3x2=06)

1. 'ہارے ہوئے راجا، بتاؤ! تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا جائے۔'

2. 'دیکھئے آم ایسی چیز ہے جسے گدھا بھی نہیں کھاتا۔'

3. 'گھر میں نہیں ہیں تو کہاں ہیں، کہیں چھپے بیٹھے ہوں گے۔'

4. 'ہم دیکھ رہے ہیں کہ دیوتاؤں کی قربت نے تمہیں گستاخ بنادیا ہے۔'

5. 'مرنے کے لئے سنیچر کا دن بہت منحوس ہوتا ہے۔'

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. ترانہ

2. اندھی لڑائی

3. موت

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

1. آتے آتے یوں ہی دم بھر کو رکی ہوگی بہار
جاتے جاتے یونہی پل بھر کو خزاں ٹھہری ہے

2. کسی کا یوں تو ہوا کون عمر بھر پھر بھی
یہ حسن و عشق کا دھوکا ہے سب مگر پھر بھی

3. چلو اچھا ہوا کام آگئی دیوانگی اپنی
وگرنہ ہم زمانے بھر کو سمجھانے کہاں جاتے

4. کہہ سکے کون کہ یہ جلوہ گری کس کی ہے
پردہ چھوڑا ہے وہ اُس نے کہ اٹھائے نہ بنے

5. تشبیہ ترے چہرے کو کیا دوں گل تر سے
ہوتا ہے شگفتہ مگر اتنا نہیں ہوتا

VI کسی دوسوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. ولے رینا کی بدولت یونان میں کیا تبدیلیاں آئیں۔

2. کاہن نے اپنے خطاب میں لوگوں کو کیا بتایا؟

3. وزیراعظم نے ولے رینا کو کیوں قتل کیا؟

***********************************

Time: 2.30 Mnts **Class: III Semester BBA/BCA** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. کھیت کے پرلے حصہ میں ایک ۔۔۔۔ سا ابھرا اور جیسے مسکرا کر انھیں دیکھیں۔(ڈھانچہ بھوت آدمی )
2. دفتر کی ریسپشنسٹ بڑی۔۔۔۔۔۔۔ تھی۔(چالاک بہادر خوبصورت)
3. 'بازار' کے ڈرامہ نگار۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ (شمیم حنفی مجتبیٰ حسین سریندر پرکاش)
4. یوں تو۔۔۔۔۔ ہمیشہ نبھنے والی چیز نہیں۔ (رشتہ داری دوستی چالاکی)
5. ۔۔۔۔۔۔۔ مسلمان عام طور پر اپنے مکانوں پر بھی اس آیت کو کنندہ کرتے ہیں۔
(ھٰذا من فضل ربی واللہ اعلم ماشاءاللہ)
6. دوست کا سب بڑا فرض دست گیری ہے۔ (صحیح/غلط)
7. 'بجوکا' میں ہوری نے پنچایت کے فیصلہ کو ماننے سے انکار کیا۔ (صحیح/غلط)
8. نظم 'چشمِ سوال' کے شاعر معین احسن جذبی ہیں۔ (صحیح/غلط)
9. 'بازار' میں سلیم چچا سلطان کے گھر پر رہتے تھے۔ (صحیح/غلط)
10. رحمت علی نے ڈائرکٹر کے کتے کو پکڑا۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. 'بجوکا' میں کھیت پر ہوری کس پریشانی سے دوچار ہوا؟
2. ڈائرکٹر کے کتے کو ورماجی اور نٹراجن کیوں پکڑنا چاہتے تھے۔
3. اردو میں مستعمل قرآنی امثال میں سے کسی پانچ قرآنی امثال کی تشریح کیجئے۔

III بحوالہء متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجئے: (3x2=06)

1. ''اب تمھیں اپنی پرانی تنخواہ میں ہی نئی پتلون سلوانی ہوگی۔''
2. ''یہ ایک بار آجاتا ہے تو جانے کا نام نہیں لیتا۔''
3. ''لیکن تم کو کیا حق ہے کہ میرے بچوں کا حصہ لینے کا۔ تم ہوتے کون ہو!''
4. قربت واقعی انسانی تعلقات کے لئے سب سے بڑا خطرہ ہے۔''
5. ''یہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں۔''

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. مرثیہء غالب

2. بلال

3. گونگی عورت

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

1. لینے سے تاج و تخت ملتا ہے
مانگنے سے بھیک بھی نہیں ملتی

2. ہزار رنگ میں ممکن ہے درد کا اظہار
ترے فراق میں مرنا ہی کیا ضروری ہے

3. کبھی کسی کو مکمل جہاں نہیں ملتا
کہیں زمیں تو کہیں آسماں نہیں ملتا

4. تم آگئے ہو تو کیوں انتظار کریں
کہو تو کیوں نہ ابھی سے کچھ اہتمام کریں

5. کوئی دن کر زندگانی اور ہے
اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. لوگوں نے آنند کی کیوں پٹائی کی؟

2. بھولا ناتھ کی پریشانی کا حال لکھئے۔

3. بنواری لال نے بھولا ناتھ اور آنند کو کیسے پریشان کیا؟

*******************************************

Time: 2.30 Mnts **Class: III Semester B.Com** Max. Marks:60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. املا اور انشاء کا تعلق ۔۔۔۔۔۔۔ سے ہے۔

(پڑھنے ، لکھنے ، دیکھنے)

2. شاہد صاحب میں سب سے بڑی بات ان کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(غصّہ سادگی عاجزی)

3. تمام مینڈکوں نے ۔۔۔۔۔۔۔ کر بوڑھے مینڈک کی جئے جئے کار کی۔

(گڑگڑا تھپ تھپا تالی بجا بجا)

4. یتیم جمع کرنا بشارت کو۔۔۔۔۔۔ جمع کرنے سے بھی دشوار نظر آیا

(دولت دوکان چندہ)

5. انور احمد ۔۔۔۔۔۔ کے بڑے شوقین تھے۔

(جاگنے سونے کھانے)

6. 'ندی' کے افسانہ نگار ڈاکٹر جمیل جالبی ہیں۔ صحیح/غلط

7. نظم 'سرائے فانی' کے شاعر مرزا شوق لکھنوی ہیں۔ صحیح/غلط

8. 'اردو ٹیچر کے فرائض غیر منصبی' میں بشارت ہیڈ ماسٹر ہے۔ صحیح/غلط

9. 'ضحاک' میں نوشابہ فریدون کی تربیت کی ذمہ داری لیتی ہے۔ صحیح/غلط

10. مولانا حالؔی نیک اور شریف النفس انسان تھے۔ صحیح/غلط

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. سیرتِ حالی کے اہم پہلوؤں کا احاطہ کیجئے۔

2. مولوی ظفر نے کون کونسے اردو ٹیچر کے فرائض غیر منصبی کی نشاندہی کی ہے۔

3. شاہد احمد دہلوی کے خاکہ سے ان کی شخصیت کے اہم پہلوؤں کا جائزہ لیجئے۔

III بحوالہء متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجیے: (3x2=06)

1. 'یعنی کہ پہلی جماعت سے آٹھویں جماعت تک۔'
2. 'فسادات کے بعد کون سی مصیبت تھی جوان پر نہ ٹوٹی۔'
3. 'ارے مولانا یہ دیکھیے، آپ کی نسبت کیا لکھا ہے۔'
4. 'ظلم کے ہاتھ کی تلوار کو قانون اور انصاف کا نام دیتے ہو۔'
5. 'جملوں میں زائد لفظ طرح طرح سے آجایا کرتے ہیں۔'

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے: (1x8=08)

1. سرائے فانی
2. صبح آزادی
3. چاند تارے

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ (3x2=06)

**1** .ترے وعدے پر جئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مرنہ جاتے ، اگر اعتبار ہوتا

**2** . گو دعویٰ ء تقویٰ نہیں درگاہ ِ خدا میں
بت جس سے ہوں خوش ایسا گنہگار نہیں ہوں

**3** .تو شاہیں ہے ، پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

**4** .ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

**5** .مرغان ِ قفس کو پھولوں نے ، اے شاد یہ کہلا بھیجا ہے
آجاؤ ، جو تم کو آنا ہو ، ایسے میں ابھی شاداب ہیں ہم

VI کسی دوسوالوں کے جواب لکھیے: (2x510)

1. 'ضحاک' میں فریدون نے کیوں بغاوت کی؟
2. 'ضحاک' میں استاد نے تعلیم کے بارے میں کیا بتایا؟
3. ضحاک اپنی رعایا سے کیا چاہتا تھا؟

*****************************************